سوال

استنجاء میں کتنے ڈھیلے استعمال کیے جائیں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

استنجاء میں کتنے ڈھیلے استعمال کیے جائیں۔ کیا ڈھیلے ہی کافی ہیں یا بعد میں پانی استعمال کیا جائے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

استنجاء کے لیے تین ڈھیلے مسنون ہیں۔ اگر بڑا ڈھیلہ تین طرف والا ہو تو وہ بھی کافی ہے اگر تین ڈھیلوں سے زیادہ کی ضرورت ہو تو زیادہ میں کوئی حرج نہیں۔ مگر طاق لینے چاہیئں۔ مثلا پانچ یا سات وغیرہ۔

اگر ڈھیلوں کے بعد پانی کا بھی استعمال کرے تو اور اچھا ہے۔ اگر ڈھیلوں کے بعد پانی کا استعمال نہ کرے یا ڈھیلوں کا استعمال نہ کرے۔ صرف پانی پر اکتفا کرے تو بھی جائز ہے۔ مگر صرف ڈھیلوں پر کفایت کرنے سے صرف پانی پر اکتفا کرنا بہتر ہے۔ کیونکہ پانی میں صفائی زیادہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، استنجاء کا بیان، ج1ص252